| | | | |
|---|---|---|---|
| چشمہ | عینک، پانی کا چشمہ | مشتری | ایک سیّارے کا نام،خریدار |
| مغرب | مقامِ غروبِ آفتاب، بوقتِ شام | مہر | سورج،عنایت |
| جھوٹا | جھوٹ بولنے والا، بچاہوا کھانا | نظم | انتظام،شاعری |
| روزگار | زمانہ،کاروبار | ولی | مالک، دوست، خدارسیدہ |
| شہادت | گواہی، راہِ حق میں جان فدا کرنا | ہار | گلے میں پہننے کا زیور،شکست |

## باہم مماثل ومتشابہ الفاظ

بعض الفاظ کی آواز تقریباً ایک جیسی ہوتی ہے یا ان کے اِعراب میں معمولی سا فرق ہوتا ہے مگر وہ معنوں کے اعتبار سے ایک دوسرے سے قطعی مختلف ہوتے ہیں۔ ایسے الفاظ کو مماثل یا متشابہ الفاظ کہا جاتا ہے۔ مماثل الفاظ کے استعمال میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ طلبہ کی سہولت کے لیے اہم مماثل ومتشابہ الفاظ کی ایک نا تمام فہرست درج ذیل ہے:

| مماثل الفاظ | معانی | مماثل الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَلم | رنج | علَم | جھنڈا |
| ارض | زمین | عرض | چوڑائی یا درخواست |
| آر | اوزار کا نام | عار | شرم وحیا |
| اثر | نتیجہ | عصر | زمانہ |
| اَسرار | سِرّ کی جمع بہ معنی بھید | اِصرار | ضد یا تکرار |
| اصل | جڑ یا بنیاد | عسل | شہد |
| اَعراب | عرب کی جمع | اِعراب | الفاظ پر زیر، زبر، پیش وغیرہ دینا |
| رَسَد | فوج یا قافلے کا زادِراہ | رَصَد | سیّاروں کو دیکھنے کا مقام |
| رَقم | دولت، روپیا پیسا | رَقم | لکھنا،تحریر کرنا |
| حذر | پرہیز | حضر | موجودگی، قیام |
| حُسن | خوب صورتی،خوبی | حَسَن | اچھا،نیک |
| دَھن | دولت، مال | دُھن | پختہ ارادہ، انہماک |
| زَن | عورت | ظَن | خیال یا گمان |
| سِحر | جادو | سَحَر | وقتِ صبح |